قلعہ گولکنڈہ، حیدرآباد، دکن سے ماہانہ ادبی مجلّہ.....

انوار تحقیق

جلد۔۲ شمارہ۔۲ فروری ۲۰۱۶ء

زرتعاون:۔فی شمارہ:۔۵۰ روپئے سالانہ:۔۵۰۰ روپئے

نگراں:۔**سید عادل احمد**، محکمہ آثار قدیمہ، اسٹیٹ میوزیم، حیدرآباد، تلنگانہ

ایڈیٹر:۔**سید الیاس احمد مدنی**

زرتعاون کا ذریعہ:
Mr. Mubarak Hussain
Accnt no.: 50045054076
IFSC CODE: ALLA-0210134
Allahabad Bank, AMU, Aligarh

پتہ:۔ 9/10/389، نیم باولی مسجد، کٹھورا ہاؤس، گولکنڈہ قلعہ، حیدرآباد، تلنگانہ۔500 008

موبایل نمبر:۔09966647580 ای میل:۔anwaretahqeeq@gmail.com

مجلس ادارت

ڈاکٹر شاہد نوخیز اعظمی۔شعبۂ فارسی، مانو حیدرآباد

ڈاکٹر محمد عقیل۔شعبہ فارسی، بی ایچ یو، وارانسی

ڈاکٹر سکینہ امتیاز خان۔صدر شعبہ فارسی، بمبئی یونیورسٹی، ممبئی

ڈاکٹر محمد قمر عالم۔شعبۂ فارسی، اے ایم یو، علی گڑھ

محمد توصیف خان کاکر۔شعبۂ فارسی، اے ایم یو۔علی گڑھ

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

مدیر سہ ماہی ادبی جریدہ ''دبیر''۔کاکوری، لکھنؤ

ارمان احمد

مدیر سہ ماہی ادبی جریدہ ''عرفان''۔چھپرا، بہار

عاطفہ جمال

مدیر سالنامہ ''کوکب ناہید'' سندیلہ، ہردوئی

شیخ عبدالرحیم۔جماعت اسلامی ہند۔حیدرآباد، دکن

متبی علی خان۔نامہ نگار روزنامہ منصف، حیدرآباد، دکن

مجلس مشاورت

پروفیسر مسعود انور علوی۔شعبہ عربی اے ایم یو، علی گڑھ

پروفیسر عمر کمال الدین۔شعبۂ فارسی، لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ

پروفیسر سید حسن عباس۔شعبۂ فارسی، بی ایچ یو، وارانسی

پروفیسر عزیز بانو۔شعبہ فارسی، مانو حیدرآباد

پی انورادھا ریڈی۔انٹیک، تلنگانہ اسٹیٹ، حیدرآباد۔چاپٹر

ڈاکٹر زرینہ پروین۔ڈائرکٹر آف آرکائیوز، حیدرآباد، دکن

ڈاکٹر سید محمد اصغر عابدی، شعبہ فارسی، اے ایم یو، علی گڑھ

احمد علی، کیپر مینسکر پٹ۔سلار جنگ میوزیم، حیدرآباد

ڈاکٹر سیدہ عصمت جہان۔شعبۂ فارسی، مانو حیدرآباد

ڈاکٹر ایم اے نعیم، حیدرآباد، دکن

جناب ایم اے غفار، استاد خطاطی، ادارۂ ادبیات اردو حیدرآباد

کشور جھن جھن والا، ماہر مسکوکات، ممبئی

امر بیر سنگھ۔ماہر مسکوکات۔حیدرآباد

فہرست مندرجات

	عنوان	مقالہ نگار	صفحہ
۱۔	اداریہ	مدیر	3
۲۔	احمد شوقی کی نعتیہ شاعری	ارمان احمد	۴
۳۔	سجان رائے بھنڈاری: بحیثیت فارسی تاریخ نگار	ڈاکٹر محمد ارشاد عالم	۱۲
۴۔	دیارِ شبلی کا ایک بے مثل شاعر: اقبال سہیلؔ	محمد توصیف خان کاکر	۱۵
۵۔	کنور رتن سنگھ زخمیؔ احوال و آثار	ڈاکٹر سید احمد میاں زیدی	۱۸
۶۔	امیر خسروؔ کی ایک اہم مثنوی: نہ سپہر	ڈاکٹر سید محمد میاں زیدی	۲۴
۷۔	حضرت شاہ تراب علی قلندر اور ان کی صوفیانہ شاعری	ناظرہ اسحاق	۳۰
۸۔	عزیز احمد بحیثیت ناقد	مبشرہ صدف	۳۸
۹۔	ڈاکٹر وای ایس آر، اے پی اسٹیٹ میوزیم کا شعبۂ پارچہ جات	سید عادل احمد	۴۱

اداریہ

حیدرآباد دکن ہندوستان کی جنوبی ریاستوں آندھراپردیش اور تلنگانہ کا مشترکہ دارالخلافہ ہے ۔ نظام کے دورحکومت میں دارالسلطنت رہا ہے۔حیدرآباد دکن اپنے سنہری تاریخ اور ثقافت کی وجہ سے مشہور ہے۔حیدرآباد دکن کوموتیوں اور مسلمان نظام بادشاہوں کا شہر کہا جاتا ہے ۔ یہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے ۔ اردواور تیلگو یہاں کی بولی جانے والی بڑی زبانیں ہیں ۔موجودہ دور میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، آئی ٹی اور بایوٹیکنالوجی کا مرکز مانا جاتا ہے۔حیدرآباد کے انفوٹیک پارک کو'' سائبرآباد'' کے نام سے جانا جاتا ہے۔

ریاستِ حیدرآباد دکن جس کا جغرافیاءنقشہ ہر دور میں بدلتا رہا17 ستمبر1948ءتک جب ہندوستانی فوجوں نے نظام کی حکومت کا خاتمہ کیا اس وقت تک بھی ایک عظیم رقبہ پر پھیلا ہوا86 ہزار مربع میل پر پھیلا ہوا انگلستان اور اسکاٹ لینڈ کے مجموعی رقبے سے بھی زیادہ تھا۔ 1923ء میں خلافت عثمانیہ کے خاتمہ کے بعد اگرچیکہ اسلامی مملکتیں جو باقی تھیں سعودی عرب، افغانستان و ایران وغیرہ پر مشتمل تھیں لیکن خوشحالی وشان وشوکت کے لحاظ سے ریاست حیدرآباد کو جو بین الاقامی مقام تھا اس کا ذکر آج بھی انگریز مصنفین کی تصانیف میں موجود ہے۔ لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے اپنی سوانح حیات میں تذکرہ کیا ہے کہ دوسری جنگِ عظیم کے بعد جب انگلستان معاشی طور پر دیوالیہ ہو چکا تھا ایسے وقت میں نواب میر عثمان علی خان کے گراں قدر عطیات نے بڑی حد تک سہارا دیا۔ مکہ معظمہا ور مدینہ منورہ کے پانی اور بجلی کے خرچ بھی ریاستِ حیدرآباد نے اپنے ذمے لے رکھے تھے اور اس عظیم مقصد کے لئے "مدینہ بلڈنگ" کے نام سے شان دار عمارتیں جو کہ آج بھی باقی ہیں مکہ اور مدینہ کے لئے وقف تھیں جن کے کرائے مکہ اور مدینہ کو بھیجے جاتے تھے اس کے علاوہ حاجیوں کو رہنے کے لئے رباط کے نام سے نظام نے مکہ اور مدینہ میں حرمین سے قریب عمارتیں بنوادی تھیں۔ ریاستِ حیدرآباد جس کی تاریخ 13ویں صدی کے آخر میں علاءالدین خلجی کی آمد سے شروع ہوکر بہمنی' شاہی اور آصفجاہی دور تک بیسویں صدی کے نصف تک پھیلی ہوئی ہے۔موجودہ حیدرآباد تقریباً دو ہزار مربع میل پر مشتمل ایک شہر ہے جسکے باقی حصے ریاست آندھراپردیش، کرناٹک اور مہاراشٹرا میں تقسیم ہو چکے ہیں۔ ریاست حیدرآباد کی خصوصیت تھی کہ یہ ہمیشہ امن وآشتی کا علمبردار، ہندو مسلم یکجہتی کی مثال اور علم وادب نوازی کی ایک ایسی مثال تھا جس کو دنیا تمام کے علم ودانشور، مفکرین ومورخین نے آکر اپنی خدمات سے مزید چار چاند لگائے۔

شہر حیدرآباد میں دیکھنے لائق کئی تعمیرات ہیں، جن میں مشہور چار مینار سب سے اہم ہے ۔ چند اور، مکہ مسجد، سالار جنگ میوزیم، گولکنڈہ، چومحلّہ پیلس، گگن محل، قطب شاہی مقبرے، جامعہ عثمانیہ، ہائی کورٹ، عثمانیہ دوا خانہ، برلا مندر، فلک نما پیلس، نظام دوا خانہ(NIMS)، حسین ساگر، نہروز والوجیکل پارک، راموجی فلم سٹی بھی اپنی شہرت کا لوہا منوارہی ہیں۔

مدیر

احمد شوقی کی نعتیہ شاعری

ارمان احمد، مدیر سہ ماہی ادبی جریدہ ''عرفان''، عرفان ایجوکیشنل سوسائٹی، چھپرا، بہار

جدید عربی شاعری میں احمد شوقی کا نام سنگ اساسی کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان کے بارے میں الاستاذ احمد حسن الزیات **تاریخ الادب العربی** میں رقم طراز ہیں۔

"یکاد النقاد یجمعون علی ان شوقی کان تعویضا عادلا عن عشرة قرون خلت من تاریخ العرب بعد المتنبی لم یظهر فیها شاعر موهوب یصل ما انقطع من وحی الشعر ویجددمااندرس من نهج الادب"

احمد شوقی کی ولادت ۱۸۶۹ء میں قاہرہ کے ایک مالدار خاندان میں ہوئی۔ آپ کے والد ترکی یونانی اور چرکسی اور والدہ ترکی و یونانی نسل سے تعلق رکھتی تھیں۔ ابتدائی اور ثانوی درجات کی تعلیم شوقی نے قاہرہ کے مختلف مدارس میں حاصل کی۔ ۱۸۸۵ء میں جب شوقی نے ثانوی درجات کی تعلیم مکمل کی تو ان کے والد نے انہیں لاء کالج میں قانون کی تعلیم کے حصول کے لیے داخل کرادیا اور جب اس میں ترجمہ کا شعبہ قایم ہوا تو شوقی اس میں منتقل ہو گیے۔ اسی کالج میں عربی کے استاذ محمد بیسونی سے وہ متعارف ہوے، جن کی صحبت میں شوقی کی شعری حس بیدار ہوئی۔ محمد بیسونی کو شاعری پر قدرت حاصل تھی مگر وہ صرف موقع بموقع اور کسی نہ کسی مناسبتوں سے توفیق پاشا کے لیے مدحیہ قصائد لکھتے تھے۔ لہذا اپنے استاذ کی صحبت و ترغیب پر احمد شوقی مدحیہ شاعری کی طرف مائل ہوے۔ ۱۸۸۷ء میں شوقی ترجمہ کے شعبہ سے فراغت کے بعد توفیق پاشا کے دربار میں ملازم ہو گئے، پھر توفیق پاشا نے انہیں قانون کی اعلی تعلیم حاصل کرنے کے لیے فرانس بھیج دیا۔ جہاں شوقی نے چار سال گزارے اور مغربی تہذیب و تمدن کا قریب سے مشاہدہ کیا۔ وہاں کی علمی و ادبی سرگرمیوں کو دیکھا اور فرانسیسی ادبیات کا گہرائی سے مطالعہ کیا۔

احمد شوقی ۱۸۹۲ء میں جب مصر واپس آئے تو توفیق پاشا کا انتقال ہو چکا تھا اور ان کی جگہ عباس ثانی بادشاہ ہو چکا تھا۔ عباس نے انہیں سرکاری محل میں شعبہ انگریزی کا سربراہ مقرر کر دیا۔ اس عہدے پر انہوں نے بیس سال کام کیا۔ اس زمانہ میں انہوں نے عباس کی مدح میں بے شمار قصائد لکھے جس کی وجہ کر وہ شاعر عباس بن گئے۔ حقیقت یہ ہے کہ شوقی کو اس زمانہ میں آزادی میسر نہ تھی وہ قصر اور صاحب قصر کے تقاضوں کا پابند تھے۔ اس کے باوجود انہوں نے اپنی ذات اور فن کے لیے فارغ ہونے کی کوشش کی اور فرانسیسی شاعر ''لافونٹین'' La fontain کے طرز پر حیوانوں کی زبان میں شعر کہے۔ وکٹر ہیوگو کی شاعری کا مطالعہ کیا اور اسی طرز پر ''کبار الحوادث فی وادی النیل'' کے عنوان سے ایک طویل قصیدہ لکھا، جسے مستشرقین کی کانفرنس میں پڑھ کر سنایا۔ اسی اسلوب میں ایک عرصہ تک شاعری کرتے ہوے شوقی نے ''الوالهول، توت عنخ آمون، قصر الوجود'' جیسے قصیدے تخلیق کیے۔ جو فرعونیات کے نام سے مشہور و معروف ہیں۔ شوقی نے اپنی شاعری میں بعض جگہ عرب قومیت کو بھی موضوع بنایا ہے۔ جس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ وہ قصر کی پابندیوں سے نکل کر زیادہ وسیع فضا میں پرواز کرنا چاہتے ہیں۔

شوقی کی شاعری کے دو دور ہیں پہلے دور میں وہ اشعار آتے ہیں جنہیں اس نے جلاوطنی سے پہلے کہے تھے۔ دوسرے دور میں وہ اشعار آتے ہیں جو جلاوطنی کے بعد کہے گئے ہیں۔ جلاوطنی کے بعد جب شوقی مصر آیا تو اسے پہلی قومی انقلابی تحریک میں شہید ہونے والے نوجوانوں سے مصر کی سرزمین لالہ زار نظر آئی اور اس نے شوقی کی شاعری کو نئے کینواس عطا کیے۔ اس نے اب نہ صرف اپنے ہم وطنوں کی خواہشات اور سیاسی جذبات کی ترجمانی میں گیت گائے بلکہ عربوں کی تمناؤں اور ان کے قومی جذبات کے بھی ترانہ لکھے۔ فرانسیسیوں کے خلاف شامیون کے انقلاب کے بارے میں

بہت سے قابل فخر اور قابل قدر قصیدے لکھے۔شوقی کے اشعار عربیت یعنی عرب قومیت کی ترجمانی کرنے لگے۔عربوں کی انجمنوں اور مجلسوں میں شوقی کے اشعار گائے جانے لگے۔ شعر دیکھیں۔

نحن فی الشرق والفصحی بنورحم
ونحن فی الجرح والآلام اخوان
کلما ان بالعراق جریح
لمس الشرق جنبه فی عمانه

(ہم اپنی مشرقیت اور فصیح عربی زبان کے التزام میں ایک دوسرے کے رشتہ دار ہیں اور درد وآلام میں ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔ عراق میں اگر کوئی زخمی کراہتا ہے تو اس کی بازگشت عمان کے پہلوؤں میں سنائی دیتی ہے)

شوقی نے اپنی شاعری کا دامن اسلامی موضوعات تک پھیلایا اور بہت سارے قصیدے اللہ کی حمد وثنا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں لکھے۔شوقی کے دینی اور زاہدانہ اشعار بہت مقبول ہوے۔

ربنا یا ذا التجلی و الجلال
یا خفی اللطف یا رب النوال
هب لنا الصالح من عمر ومال
ربنا والطف بنا فی کل حال
ربنا ثبت علی الحق القلوب
وامنع الاساواء عنا والخطوب
ربنا اللهم جنبنا الذنوب
واهدنا الحکمة فی کل الفعال
ربنا اللهم اصلح شاننا
واقم فی نفعنا حکامنا
ربنا وحفظ بنا اوطاننا
واجعل الملة فی اوج الکلام

(اے رب ذوالجلال اے لطیف وصاحب عطا۔ہمیں پاکیزہ زندگی اور مال عطا کر اور ہر حال میں ہم پر رحم فرما۔دلوں کو حق پر ثابت رکھ اور مصائب ومحن کو ہم سے دور رکھ۔ہمیں گناہوں سے بچا اور ہر کام میں ہمیں صحیح سمجھ عطا فرما۔ہمارے حالات کو سدھار دے اور حکام کو ہمارے لئے نفع بخش بنادے۔ہمارے ذریعے ہمارے وطن کی حفاظت کر،اور مذہب کو معراج کمال تک پہنچادے)

نعت میں احمد شوقی کے تین قصیدہ بہت مشہور ہیں۔الھمزۃ النبویۃ،ذکر المولد اور نہج البردہ۔قصیدہ البردہ کی مقبولیت اسلامی دنیا میں بے مثال ہے،آج تک لوگوں پر اس قصیدہ کی وجہ سے وجد کا عالم طاری ہے۔شوقی نے علامہ بوصیری کے قصیدہ بردہ کے وزن وقافیہ پر ایک نعتیہ قصیدہ دوسو پانچ اشعار پر مشتمل لکھا جو ''نھج البردہ'' کے نام سے ہے۔کسی شاعر کے وزن وقافیہ پر اسی مضمون کو دوسرا شاعر نظم کرے تو اصطلاح میں اسے ''معارضہ'' کہتے

ہیں،لیکن شوقی نے اپنے قصیدہ کا عنوان معارضہ نہیں نہج رکھا ہے۔یعنی قصیدہ بردہ کے طرز یا اس کی تقلید میں کہا گیا۔شوقی کا قصیدہ الفاظ وترکیب اور شعری محاسن کے لحاظ سے عربی زبان کا ایک شاہکار ہے۔ احمد ذکی لکھتے ہیں:''شیخ بوصیری کا تتبع قدیم وجدید ہر دور میں بے شمار لوگوں نے کیا،لیکن ان کے قصیدۂ بردہ کو جو مقبولیت حاصل ہوئی تھی وہ آج بھی باقی ہے''۔شوقی کے قصیدہ سے بھی بردہ کی اہمیت کم نہ ہوسکی۔لیکن خود اس قصیدہ کو بے مثال رواج و شہرت نصیب ہوئی،مصر میں حدیث نبوی کے استاذ الاساتذہ اور جامعہ ازہر کے شیخ سلیم البشری نے اسکی شرح لکھی۔

قصیدہ روایتی تشبیب سے شروع ہوتا ہے جس کے ابتدائی اشعار یہ ہیں۔

ریم علی القاع بین البان والعلم
احل سفك دمی فی الاشهر الحرم
رمی القضاء بعینی جوء ذر اسداً
یا ساکن القاع ، ادرك ساکن الاحم
لما رنا حدثتنی النفس قائلة
یا ویح جنبك،بالسهم المصیب رمی
جحدتها و کتمت السهم فی کبدی
جرح الاحبة عندی غیر ذی الم

(ایک آہو جو''بان'' کے درختوں اور ٹیلوں کے درمیان ایک وادی میں ہے اس نے میرے خون کے بہائے جانے کو حرمت والے مہینہ میں حلال کر دیا۔قضا (وقدر) نے ایک ہرنی کی آنکھوں سے ایک شیر کو مار گرایا،اے وادی کی رہنے والی (یعنی ہرنی) جھاڑی کے رہنے والے (شیر) پر رحم کر۔جب اس نے ٹکٹکی لگا کر دیکھا تو میرے دل نے کہا ہائے میرا دل،نشانے پر لگ جانے والے تیر سے مارا گیا۔میں نے اپنے دل کی بات کو جانتے بوجھتے جھٹلایا،اور پیوست شدہ تیر کو اپنے جگر میں چھپا رکھا،کیونکہ دوستوں کا تیر میرے نزدیک درد دینے والا نہیں ہوتا)

تشبیب کا مضمون محبوب کی بے وفائی حسینوں کی ناوک فگنی اور شاعر کی بیچارگی اور بے بسی سے گریز کرتا ہوا اس منزل پر پہنچتا ہے جہاں شاعر کو محسوس ہوتا ہے کہ یہ دنیا ایک وہم اور دھوکے کے سوا کچھ نہیں۔یہاں کی کسی شے کا کوئی اعتبار نہیں ہے،یہ تصور اسے اپنے نفس کے محاسبہ پر مائل کرتا ہے۔ اسے یہ احساس ہوتا ہے کہ اس نے زادِ آخرت فراہم نہیں کیا۔تو شاعر کے ذہن میں یہ شعور زندہ ہوتا ہے۔

ان جل ذنبی عن الغفران، لی امل
فی اللهم یجعلنی فی خیر معتصم
القی رجائی اذاعذ المجیر علی
مفرج الکرب فی الدارین والغمم
اذا خفضت جناح الذل اساله
عز الشفاعة، لم اسال سوی امم
وان تقدم ذو تقوی لصالحة
قدمت بین یدیه عبرة الندم

لــــزمـــت بـــــاب اميــــر الانبيـــــاء، ومـــن
يــمسك بــمــفتـــاح بـــاب الـلـــــه يــغتــنـــم
فـــكــــل فـــضــــل واحســــــان ،وعــــــارفة
مــــا بيــــن مستــلـــم مــنــــــه ومــلتــــزم
عــلــقـــت مـــن مـــدحــــه حبلاً اعـــزبــــه
فـــى يـــوم لا عـــزبــــاالانســــاب والــلــجـــم
مـــحـــمـــد صـــفـــوـة البــــارى ورحـــمتــــه
و بـــغية الــلـــــه مـــن خـــلـــق و مـــن نســم

(اگر چہ میری مصیبتیں نا قابل بخشش ہیں ،لیکن مجھے اللہ کی ذات سے امید ہے کہ وہ مجھے اپنی پناہ میں لے لیگا۔اس دن جب کے پناہ کا ملنا دشوار ہوگا ،یعنی روز قیامت میں،امید کا سہارا اس ذات کو بناؤں گا ،جو مصائب اور دردناک صورت حال کو دور کرنے والا ہے۔ جب میں عاجزی ودرماندگی کے شانے جھکا کر اس سے شفاعت کی سرفرازی طلب کروں گا تو اس کے لئے کوئی بہت بڑی یا مشکل بات نہ ہوگی۔(جو وہ قبول نہ کہ کر سکے)۔مراد رسول اللہ سے ہے۔جب متقی اور پرہیزگار لوگ اپنے اعمال صالحہ پیش کریں گے میں اس کے حضور اشک ندامت پیش کروں گا۔ لپٹ گیا ہوں''امیرالانبیاء'' کے در سے اور جو بھی خدا کے باب رحمت کی کنجی حاصل کر لیتا ہے،دولت (مغفرت)اس کو مل جاتی ہے۔ ہر قسم کے فضل واحسان اور کرم (سے سرفراز ہیں)جو اس در سے لپٹے ہوئے ہیں یا اسے چوم رہے ہیں۔میں نے ان کی مدح کر کے ایک رسی پکڑ لی ہے، جو میرے لئے اس دن باعث فخر ہوگی جس دن رشتوں اور حسب ونسب پر فخر نہیں کیا جا سکے گا۔وہ ''محمدؐ'' ﷺ ہیں (جن کی مدح میرا سہارا ہے)حق تعالی کی منتخب ترین خلقت ،اوراس کی رحمت (کا مظہر) ہیں اور سارے انسانوں اور جمیع مخلوقات میں اللہ تعالی کے پسندیدہ اور محبوب بندہ ہیں ۔)

استاذ الاساتذہ شیخ الازہر شیخ سلیم البشری کو جنھوں نے اس قصیدہ کی شرح لکھی یہ اشعار بہت پسند تھے۔جس میں شوقی نے مستشرقین کے اس خیال کی تردید کی کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے۔

قــــالــو غـــروت و رســل الـلـــــه مــــا بــعثـوا
لـــقتـــل نـــفــــــس ولا جــــــائـــوا الســـفك دم
جهــــل و تــــضـــــليـــل احـــــلام وســــفســـطة
فتـــحـــت بـــــالسيف بـــعـــد الـــفتـــح بـــالـــقـلـم
والشـــران تـــلـــقــــه بـــــالـخيـــر ضــقـــت بـــه
ذرعــــاوان تـــلـــقـــــه نـــــاشـــر يـــنـــحســـم
ســـل الـــمسيـــحية الـــغـــــراء كـــم شـــــربـــــت
بــــالـــصـــــاب مـــن شهـــوات الـظـــالـم الـغـلـم
لـــولا حـــمـــــلـــة لهــــا هبـــوا الـــنـــصـــرتهــــا
بـــالسيف مــــا انتـــفـــعـــت بـــالـــرفـق والـــرحـــم

(لوگ کہتے ہیں کہ آپ نے غزوے کئے حالانکہ اللہ اور اس کے رسول قتل وخونریزی کے لئے مبعوث نہیں کئے جاتے۔ یہ جہالت، گمراہی اور فریب کی بات ہے، آپ نے تلوار سے پہلے قلم سے دلوں کو فتح کیا تھا۔ برائی کا بدلہ اگر بھلائی سے دیا جائے تو اس میں تکلیف ہوتی ہے اور اگر برائی سے دیا جائے تو برائی ختم ہو جاتی ہے۔ مسیحیت سے پوچھو کہ ظالموں کے ہاتھوں اس نے کتنی خون آشامی کی ہے۔ اگر اس کے حامیوں نے تلوار نہ اٹھائی ہوتی تو نرمی اور محبت سے اسے ہرگز کامیابی نہ ہوتی۔)

نہج البردہ جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا، دوسو سے زیادہ اشعار پر مشتمل ہے۔ اس میں ولادت نبوی ﷺ سے پہلے دنیا کی حالت اور خاص کر عربوں کی حالت، انکی دینی اور معاشرتی زندگی کی طرف اشارے ہیں، پھر ولادت باسعادت کا ذکر جمیل ہے۔ یتیمی کا بیان، ورقہ بن نوفل کی پیشن گوئی، سفر شام، رفاقت خدیجہ رضی اللہ عنہ، جنگ بدر واحد اور معجزات کا ذکر ہے، اور قصیدہ کے آخری حصہ میں آل واصحاب پر صلاۃ وسلام ہے۔

الھمزیۃ النبویۃ: یہ قصیدہ ۱۳۱ اشعار پر مشتمل ہے۔ جس میں آپ کے غزوات، معجزات اور معراج کی طرف اشارہ ہیں۔ آپ ﷺ کے فصاحت وبلاغت اور جود وسخا کی تعریف ہے، شہسواری اور شب بیداری، عبادت اور حسن سیاست کا ذکر ہے۔ اس قصیدے میں ۳۳ اشعار ایسے ہیں جن میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزوں کا ذکر اس طرح کیا گیا ہے کہ یہ سب آپ ﷺ ہی کا پرتو تھے۔ اور اس کے بعد آپ ﷺ کے اخلاق حمیدہ اور جمال ظاہری کا ذکر ہے۔ مطلع

ولد الهدى فالكائنات ضياء
وفم الزمان تبسم وثناء
الروح ، والملا الملائك حوله
لدين والدنيا به بشراء
والعرش يزهو والحظيرة تزدهى
والمنتهى ،والسدرة العصماء
وحديقة الفرقان ضاحكة البرا
بالترجمان شذية ، غناء
والوحى يقطر سلسلا من سلسل
واللوح والقلم البديع رواء
نظمت اسامى الرسل فى صحيفة
فى اللوح واسم "محمد" طغراء
اسم الجلالة فى بديع الحروف
الف هناك واسم "طه" بهاء

(سرچشمہ ہدایت پیدا ہو گئے، کائنات میں روشنی پھیل گئی، زمانہ کے لبوں پر تبسم اور حمد باری ہے۔ روح القدس، فرشتے، ملا اعلیٰ، ان کے اردگرد، دین ودنیا (کی سرفرازی) کی نویدیں دینے والے ہیں۔ عرش بریں دمک رہا ہے، حظیرۃ القدس، سدرۃ المنتہیٰ (جو اپنی نشانی میں ممتاز ہے) سب جگمگا رہے ہیں۔ گلشن فرقان کی پکڈنڈیاں خنداں ہیں، شاداب وسرسبز ہیں (اپنے) ترجمان (کی آمد) پر۔ وحی کی رم جھم بارش ہو رہی ہے، انوکھی شان والے لوح وقلم کی رونق

دو بالا ہوگئی ہے۔پیغمبروں کے اسمائے گرامی خوبصورتی کے ساتھ لوح پر جڑ دیئے گئے ہیں جن سے ایک چوکھٹا تیار ہوگیا ہے،اور اس کے وسط میں اسم محمد طغریٰ ہے۔اللہ کا نام بےنظیر حروف تہجی میں اس لوح کا ''الف'' ہے تو رسول ﷺ کا نام طٰہٰ اسی تختی میں ''ب'' ہے۔مطلب یہ کہ اللہ کے بعد رسول اللہ ہی کا نام وہاں درج ہے۔

ان ابتدائی سات شعروں کے بعد قصیدہ کا دوسرا حصہ اس شعر سے شروع ہوتا ہے۔

یا خیر من جاء الوجود تحیة
من مرسلین الی الهدی بك جاء وا
فاذا سخوت بلغت بالجود المدی
وفعلت مالا تفعل الانواء
واذا عفوت فقادراً ومقدراً
لا یستهین بعفوك الجهلاء
اذا رحمت فانت امٌ وابٌ
هذان فی الدنیا هما الرحماء

(اے وہ ذات گرامی جو دنیا میں ظاہر ہونے والوں میں سب سے بہتر ہے،آپ پر پیغمبروں کا سلام ہو جو آپ کی ہدایت لے کر آئے تھے۔جب آپ نے سخاوت کی تو سخاوت کو عروج تک پہنچا دیا اور وہ کر کے دکھا دیا جو برسات نہیں کر سکتا (یعنی سخاوت میں آپ بارش سے زیادہ فیض رساں ہیں) عفو و درگزر سے جب آپ کا نام لیا تو (انتقام یا سزا دینے کی) پوری طاقت رکھتے ہوئے اور (دشمن کو) پورا موقع دینے کے بعد معاف کیا،ناواقف لوگ بھی آپ کے عفو و درگزر کی ناقدری نہیں کر سکتے۔جب آپ ﷺ نے رحم و شفقت کا سلوک کیا تو (ایسا معلوم ہوا کہ) آپ ماں ہیں اور باپ ہیں،دنیا میں ماں باپ ہی شفقت کرنے والے ہیں۔یعنی دنیا میں شفقت کا مظہر ماں باپ ہوتے ہیں۔)

مصر میں میلاد النبی کا جشن بہت دھوم دھام سے منایا جاتا ہے میلے لگتے ہیں،دکانیں سجتی ہیں،کھیل تماشے ہوتے ہیں،اور جھوٹے پیمانے پر ہر جگہ میلاد کی مجلسیں ہوتی ہیں۔جس میں ہر طبقہ کے لوگ شریک ہوتے ہیں۔شوقی نے یہ قصائد دراصل انہیں مواقع کے لئے کہے تھے۔''ذکر المولد'' یہ قصیدہ بھی اسی قبیل کا ہے۔اس میں اکہتر (۷۱) اشعار ہیں۔جس کا پہلا شعر یہ ہے۔

سلوا قلبی غداة سلا و ثابا
لعل علی الجمال له عتابا
ویسال فی الحوادث ذو صواب
فهل ترك الجمال له صوابا

(میرے دل سے (اس کی حالت) پوچھو،جس صبح کو وہ اپنے ہوش و حواس میں آ گیا۔شاید حسن کے خلاف وہ شکوہ سنج ہو۔مصائب کے موقع پر تو ہوش مند آدمی سے بات دریافت کی جاتی ہے کہ کیا ہوا (کیا ہوا تھا؟) مگر کیا حسن نے اس کی صواب دید باقی رکھی ہے!)

اس قصیدہ میں پچاس اشعار ''تشبیب'' پر مشتمل ہیں۔یہ تشبیب قدیم عربی انداز کی نہیں ہے جس میں کسی محبوب اور اس کے پڑاؤ کا ذکر ہو،اونٹنی اور اس کے اوصاف بیان کئے جائیں بلکہ صرف اس لحاظ سے کہ بطور تمہید کے شاعر نے مسلم معاشرے کے عیوب شمار کئے ہیں۔خود غرضی،بخل،

زکوۃ کی ادئیگی سے فرار، عبادت میں تساہلی، محنت ومزدوری کے کاموں سے بے رغبتی، وغیرہ۔نعت کی ابتدا ذکر ولادت سے ہوئی ہے جو اس قصیدہ کا موضوع ہے۔ چند اشعار

تجلی مولد الهادی، وعمت
بشائره البوادی والقصابا
واستدت للبریة بنت وهب
یدًا بیضاء طوقت الرقابا
لقد وضعته وهاجاً منیراٍ
کما تلد السماوات الشهابا
فقام علی سماء البیت نوراً
یضیء جبال مکة والنقابا
وضاعت یثرب الفیحاء مسکاً
وفاح القاء ارجاء وطابا
ابالزهراء قد جاوزت قدری
بمدحك، بید ان لی انتسابا
فما عرف البلاغت ذوبیان
اذالم یتخذك له کتابا

(ہادی اکرم ﷺ کی میلاد (کا دن) آ گیا،اوراس کی خوشیاں شہر شہر قریہ قریہ ہر جگہ پھیل گئی۔ بنت وہب (آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ بنت وہب) نے سارے عالم پر عظیم احسان کیا،اور احسان کا قلادہ ہر ایک کی گردن میں ڈال دیا۔انہوں نے حضور ﷺ کو ایک روشنی بخشنے والا آفتاب کی صورت میں جنم دیا،جس طرح آسمانوں سے چمکتے ستارے پیدا ہوتے ہیں۔ بیت اللہ کی چھت پر ایک نور چمکا جس نے مکہ،اس کی پہاڑیوں اور پہاڑی راستوں کو روشن کر دیا۔معطر یثرب مشک سے دمک اٹھا، وادیوں کے گوشے گوشے عطر بیز ہو گئے اور ان کی رونق بڑھ گئی۔ پدر زہراء! میں نے آپ ﷺ کی مدح کر کے اپنی حیثیت سے تجاوز کیا ہے، ہاں مجھے ایک نسبت غلامی ضرور حاصل ہے۔اگر کوئی صاحب قلم آپ ﷺ کو اپنا موضوع نہ بنائے تو وہ بلاغت سے بے بہرہ ہے۔

احمد شوقی کا شمار ان شعرا میں ہوتا ہے جنھوں نے سچے قومی جذبات کے دباؤ میں اس موضوع پر قلم اٹھایا۔شوقی نے اپنے نعتیہ قصیدے میں ان اعتراضات کا معقول و مدلل جواب دیا جو اسلام پر وارد کئے جاتے ہیں۔ان کے دل میں ایک تڑپ اور خلش تھی جس نے انھیں حضور ﷺ کی مدح و توصیف پر مجبور کر دیا۔ بالخصوص شوقی نے اپنے نعتیہ قصائد میں آپ ﷺ کی ان صفات کو نمایاں کیا جن کی دعوت اسلام کے پھیلنے میں مدد ملی اور دشمنوں نے آپ کے حسن واخلاق سے مجبور ہو کر آپ کی صداقت کا کلمہ پڑھا۔اس تذکرے سے شوقی کا مقصد یہ تھا کہ آج کا مسلمان بھی ان صفات عالیہ واخلاق حسنہ کو اگر اپنے اندر پیدا کر لیں تو اس سے اسلام کو زبردست تقویت حاصل ہو گی۔

مراجع ومصادر:۔

احمد، ڈاکٹر فوزان۔ جدید عربی شاعری۔ بنارس: ادارہ البحوث الاسلامی جامعہ سلفیہ۔ ۲۰۰۸ء۔ پرنٹ۔
الزیات، احمد حسن۔ التاریخ الادب العربی۔ لکھنو: مکتبہ الاحسان۔ ۲۰۱۴ء۔ پرنٹ۔
حیات، محمد اظہر۔ احمد شوقی ایک مطالعہ۔ ناگپور: حیات بکڈپو۔ ۱۹۹۱ء۔ پرنٹ۔
شوقی، احمد۔ الشوقیات۔ القاہرہ: مطبع الاستقامۃ۔ ۱۹۵۳ء۔ پرنٹ۔
ضیف، شوقی۔ الادب العربی المعاصر۔ القاہرہ: دار المعارف۔ ۱۹۶۱ء۔ پرنٹ۔
ندوی، ڈاکٹر عبداللہ عباس۔ عربی میں نعتیہ کلام۔ لکھنو: مکتبہ اسلام۔ ۲۰۰۵ء۔ پرنٹ۔

☆☆☆

سجان رائے بھنڈاری: بحیثیت فارسی تاریخ نگار

ڈاکٹرمحمدارشادعالم،مرکزتحقیقات فارسی،علیگڑھ مسلم یونیورسیٹی،علیگڑھ،یوپی

مختلف محققین اور مورخین کے حوالے سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کا نام سجان رائے بھنڈاری تھا قوم کے کایستھ اورآپ کا آبائی وطن بٹالہ تھا۔ آپ کی تاریخ ولادت ووفات کے متعلق اختلاف ہے وثوق اور معتبر دلایل و براہین اس سلسلے میں بہت کم دستیاب ہیں انکی اپنی ذاتی تحریروں سے اندازہ ہوتا ہے جیسا کہ انھوں نے اپنی کتاب 'خلاصۃ التواریخ' کے آخری حصہ میں اورنگزیب کی تاریخ وفات (۲۸ ذی قعدہ ۱۱۱۸ھ مطابق ۲مارچ ۱۷۰۷ء) بیان کیا ہے جواس جانب اشارہ کرتی ہے کہ سجان رائے کی وفات اورنگزیب کے وفات کے بعد ہوئی ہوگی۔مگرکہیں بھی بھنڈاری کی وفات سے جڑی کوئی پختہ ثبوت دستیاب نہیں ہے جس کی بنیاد پرسجان رائے بھنڈاری کی تاریخ وفات کا تعین کیا جا سکے۔مختلف مورخین ومحققین نے اپنی الگ الگ رائے قایم کی ہے۔بحرحال سجان رائے کی تاریخ پیدائیشو وفات دونوں مختلف فیہ ہیں۔سجان رائے نے اپنی ایک تاریخی کتاب 'خلاصۃ التواریخ' میں بعد میں کچھ اضافات بھی کیئے ہیں۔اسی بنا پر بعض محققین کا خیال ان کے 'خلاصۃ التواریخ' کے بیان کی روشنی میں ہی ہے کہ سجان رائے کی موت اورنگزیب کی وفات کے بعد ہوئی ہوگی۔سجان رائے کی تاریخ وفات اگر چہ غیر معلوم ہے مگر وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ ۱۱۱۵ہجری ۱۷۰۳-۰۴ء تک وہ بقید حیات تھے کیوں کہ یہی 'خلاصۃ السیاق' کا سال تکمیل ہے۔۱

سجان رائے عہداورنگزیب میں ملک کے ناظموں،کارپردازوں کے یہاں منشی گری کے عہدے پر فائز تھے۔سجان رائے عہد شباب سے ہی اعلی سرکاری افسروں کے منشی رہے تھے۔سجان رائے ذات کے کھتری تھےاوران کا پیشہ متصدی یا منشیگری تھا،نیز یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے کابل،ٹھٹھہ اورپنجور کی سیر وسیاحت بھی کی تھی ا۔ڈاکٹرسید عبداللہ کا ماننا ہے کہ سجان رائے ۱۱۱۰ہجری تک شاہی ملازمت سے مستعفی ہو چکے تھے۔۲

مختلف فہرست نگاروں نے سجان رائے کو پٹیالہ کا باشندہ بتایا ہے۔اگرفہرست بانکی پور کو دیکھا جائے تواس میں سجان رائے کو پٹیالہ میں متولد بتایا گیا ہے۔مگر یہ اشتباہ ہے کیونکہ سجان رائے اپنی جائے پیدائش بٹالہ بتاتے ہیں (جواس زمانے میں لاہور کا ایک چھوٹا سا شہر تھا) سجان رائے 'خلاصۃ التواریخ' میں لکھتے ہیں۔

''چون زاد و بوم نگارندۂ این نسخه دلکشا بتاله است ، لهذا اندکی از احوال آن شهر به تسوید در آوردن ضروری دانست''۳

حالانکہ سجان رائے کے سال تولد کے بارے میں صحیح طور پر اطلاعات موجود نہیں ہیں مگر خود سجان رائے کے درج ذیل بیان سے ظاہر ہے کہ جب ان کی عمر سن تمیز کو پہنچی تو وہ سرکاری ملازمت میں بہ حیثیت منشی مقرر ہوئے اوراپنی تمام عمر منشی گری میں گزاردی بقول سجان رائے۔

''از عنفوان ظهور شور به ملازمت ناظمان امور مملکت و مال و اکر آگاهان دولت و اقبال پیشۂ خطوط نویسی که عبارت از منشی گری باشد بسر برده''۴

سجان رائے ایک عالم تھےاورمنشی گری کے میدان میں نادرروزگار شخصیت کے حامل بھی تھے۔وہ غیرمسلم ہونے کے باوجود فارسی زبان پر عبور رکھتے تھے۔ان کی تالیفات انشاءپردازی کا ایک یادگار نمونہ ہیں سجان رائے کو چندر بھان برہمن کے بعد ہندوؤں میں ایک مستثنیٰ لکھنے والا شمار کیا جا سکتا

ہےاوروہ اپنے معاصرین ہندو لکھنے والوں میں سب سے بزرگ تسلیم کئے جاتے ہیں۔ جہاں تک منشی سجان رائے کی علمی لیاقت کا سوال ہے تو اس کے بارے میں مشہور مستشرق 'ہرمن ایتھے' کی رائے استناد کا درجہ رکھتی ہے۔ان کے خیال کے مطابق منشی سجان رائے علوم سنسکرت اور فارسی میں عالم متبحر اور مخصوصاً منشی گری کے میدان میں نادرالعصر والدوران تھے۔انہوں نے ذیل میں درج تصنیفات بطور یادگار چھوڑی ہیں۔

(۱) خلاصۃ الانشا(۱۱۰۲ھ مطابق ۱۶۹۰ء)۵

(۲) خلاصۃ التواریخ(۱۱۰۷ھ مطابق ۱۶۹۵ء)

(۳) خلاصۃ المکاتیب(۱۱۱۰ھ مطابق ۱۶۹۸ء)

(۴) خلاصۃ السیاق(۱۱۱۵ھ مطابق ۱۷۰۳ء)۶

یہ تمام تصنیفات انہوں نے عہد اورنگ زیب میں سپرد قلم کی تھی۔

سجان رائے کو ایک مورّخ کی حیثیت سے دیکھا جاتا ہے۔انہوں نے 'خلاصۃ التواریخ' میں قدیم ہندو راجاؤں کے بارے میں بہت تفصیل سے ذکر کیا ہے، شاہجہاں کے دور حکومت کا ذکر بہت ہی مختصر انداز میں کیا ہے یہاں تک کے شاہجہاں کے فرزندوں میں ہوئی جان نشینی کی لڑائی کے وجوہات اور تاریخی واقعات پر بھی خاطر خواہ روشنی ڈالی ہے۔ان حقائق کی روشنی میں سجان رائے کو ہندوستان کے تاریخ نویسوں میں مثلاً ابوالفضل، عبدالحمید لاہوری، اور محمد صلاح وغیرہ کے صف میں تو شمار نہیں کیا جاسکتا لیکن ان کی تاریخی خدمت کا اعتراف کرتے ہوئے ان کو، ان کے زمانے کے لکھنے والے دوسرے درجے کے مسلم مورخین کی صف میں یقیناً شمار کیا جاسکتا ہے۔ جہاں تک مغل دور کے ہندو مورخین کی بات ہے تو یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ چندر بھان برہمن کے بعد مستثنیٰ مورّخ تھے۔

بیوریج نے سجان رائے بٹالوی کو ہیروڈوٹس کہا ہے وہ لکھتے ہیں کہ؛۔

''نا مناسب نہیں ہوگا اگر ہم سجان رائے بٹالوی کو ہندوستانی ہیروڈوٹس کہیں کیونکہ دونوں ہی مورخین کے یہاں صحیح اور دلکش پیرائے میں لکھی تاریخ ملتی ہے۔نیز دونوں بزرگون کی کتابوں میں صحیح اور دلکش تاریخ نگاری کے عناصر موجود ہیں اور دونوں غیر جانب دار مورخ ہیں۔گارساں دتاسی اسی لئے اس کتاب کو فرشتہ پر ترجیح دیتا ہوں''۷

ایلیٹ نے سجان رائے بٹالوی کو چور لکھا ہے وہ لکھتے ہیں کہ؛۔

''خلاصۃ التواریخ ادبی چوری کا بدترین نمونہ ہے کیونکہ اس کے مطالب ایک دوسری تاریخی کتاب، 'مختصر التواریخ' سے، چرائے گئے ہیں''۸

''اگر ان دونوں بزرگوں کی رائے کو دیکھا جائے تو یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ دونوں کے رائے میں افراط وتفریط پایا جاتا ہے اور ڈاکٹر سید عبداللہ کی رائے مناسب ومعقول دکھائی دیتی ہے وہ لکھتے ہیں؛۔

''سجان رائے نہ تو ہیروڈوٹس کے مقابل ہے جیسا کہ بیوریج کا خیال ہے اور نہ ہی وہ دزد محض (چور) ہے جیسا کہ ایلیٹ نے کہا ہے بلکہ سجان رائے کی ''خلاصۃ التواریخ'' کچھ خاص وجوہات وعلل کی بنیاد پر دیگر تواریخ سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے اور جہاں تک میرا خیال ہے ''مختصر التواریخ'' کا اول و آخر تقریباً ناقص ہے۔اس لئے یہ کتاب ''خلاصۃ التواریخ'' سے نقل ہے''۸

سجان رائے کی فارسی خدمات

تاریخ میں ہر دور اپنی چند ممتاز خصوصیات کے باعث کچھ امتیازات بھی رکھتا ہے۔ اگر ہم مملوک عہد کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو ہمیں ہندوستان میں فارسی زبان میں لکھی جانے والی پہلی تاریخ ''تاج المآثر'' نظر آتی ہے جسے صدرالدین محمد بن حسن نظامی نیشاپوری نے ہندوستان میں رہ کر سپردِ قلم کیا تھا اور اس کے بعد مختلف عمومی اور علاقائی تاریخیں منظرِ عام پر آنی شروع ہوئیں اور تاریخ نویسی کا سلسلہ عہد بہ عہد چلتا رہا۔ جنھوں نے بالواسطہ طریقہ سے عہد وسطیٰ کی مرکزی اور درباری تاریخوں سے لڑ کر اپنی استناد کی مہر ثابت کی ہے۔

مغلوں کے آخری دور میں منشی سجان رائے بٹالوی کا نام فارسی تاریخ نگاری کے پردے پر زرّیں قلم سے منقش دکھائی دیتا ہے جنھوں نے نہ صرف فنِ تاریخ نگاری میں گرانقدر اضافہ کیا بلکہ فارسی تاریخ نگاری کی روایت کو اپنے زورِ قلم سے ترقی کے بامِ عروج پر پہنچا دیا۔ آپ کی تحریر میں تلاش و جستجو محققانہ رنگ اور دقیق النظری کارفرما ہوتی ہے جس کی جیتی جاگتی مثال 'خلاصۃ التواریخ' ہے جسے فارسی تاریخ میں بڑی اہمیت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔

یہ امر بھی مسلم ہے کہ عہد مغلیہ میں غیر مسلم حضرات میں خاص طور سے کایستھ اور کھتری حضرات نے فارسی کے حوالے سے جو گراں بہا خدمات اور نمایاں کارنامے انجام دیئے ہیں وہ آج بھی عزت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے۔ سجان رائے بٹالوی فارسی تاریخ نگار کی حیثیت سے فارسی میں ایک اہم اور معتبر نام ہے۔ تاریخ نگاروں کی فہرست میں عزت و وقار کی نظر سے دیکھے جاتے ہیں اور اس عہد کے اہم تاریخ نگاروں میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔۹

کسی کی شہرت و بقا کے لئے بسا اوقات کوئی ایک کارنامہ ہی کافی ثابت ہوتا ہے یوں تو سجان رائے بھنڈاری نے فارسی زبان و ادب میں گراں بہا خدمات انجام دیں لیکن ان کی شہرت کی وجہ اور سبب تاریخ کے موضوع پر آپ کی مشہور زمانہ کتاب ''خلاصۃ التواریخ'' تصور کی جاتی ہے۔ اس کتاب پر مختلف ناقدین کی نظر پڑی اور سب نے اپنے اپنے نظریۂ تنقید کا مظاہرہ کیا اور جتنی ہی اس کی تنقید ہوئی اتنی ہی یہ کتاب عوام الناس کی مجلس میں نکھر کر سامنے آئی اور شہرت و مقبولیت کے بامِ عروج پر پہنچ گئی جس آج بھی بڑی اہمیت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اور آئندہ بھی محققین اس سے استفادہ کرتے رہیں گے۔

کتابیات وحواشی

۱۔ فارسی ادب بعہد اورنگزیب، ڈاکٹر نورالحسن انصاری، انڈو پرشین سوسائٹی، دہلی، جنوری ۱۹۶۹ دہلی

۲۔ ادبیات فارسی میں ہندوؤں کا حصہ، ڈاکٹر سید عبداللہ، مجلس ترقی ادب، کلب روڈ، لاہور، پاکستان، نومبر ۱۹۶۷

۳: خلاصۃ التواریخ، سجان رائے بٹالوی

۴۔ خلاصۃ التواریخ، سجان رائے بٹالوی

۵۔ story -p453

۶۔ A Descriptive Catalgue Persian Manuscript,MAAPRI Publication,Tonk,pp104.

۷۔ فارسی ادب بعہد اورنگزیب

۸۔ ادبیات فارسی میں ہندوؤں کا حصہ، ڈاکٹر سید عبداللہ

۹۔ تاریخ ہندوستان، ایلٹ. جلد ۸، ص ۵، بانکی پور

۱۰۔ ادبیات فارسی میں ہندوؤں کا حصہ، ڈاکٹر سید عبداللہ

۱۱۔ فارسی ادب بعہد اورنگزیب، ڈاکٹر نورالحسن انصاری، انڈو پرشین سوسائٹی، دہلی، جنوری ۱۹۶۹ دہلی

دیار شبلیؔ کا ایک بے مثل شاعر۔ اقبال سہیلؔ

محمد توصیف خان کاکر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

اس خطۂ اعظم گڑھ پر فیضان تجلی ہے یکسر
جو ذرہ یہاں سے اٹھتا ہے نیر اعظم ہوتا ہے(اقبال سہیلؔ)

یونان ہند اعظم گڑھ برسہابرس سے اپنی علمی، فکری، فنی، سماجی، سیاسی اور ادبی خدمات کی وجہ سے ہندوستان کے خطۂ مشاہیر میں ممتاز رہا ہے۔ اس خطہ نے گلستان علم وادب کو کئی رنگا رنگ گل عطا کئے ہیں، جن کی بوئے دلفریب سے آج بھی ادبستان مہک رہا ہے اور تا ابد مہکتا رہے گا۔ ان شخصیات عطر بیز میں علامہ شبلی نعمانی، علامہ حمید الدین فراہی، مولانہ ضیاء الدین اصلاحی، مولانہ ابواللیث ندوی، مولانہ امین اصلاحی، مولانا اسلم جیراج پوری، محمد صغیر خان صوفیؔ، پنڈت راہل سنسراکتین، انور آعظمی، کیفی آعظمی، قاضی اطہر مبارکپوری، وغیرہ بڑی شہرت اور اہمیت کے حامل ہیں اسی زمرے میں ایک نام اقبال سہیل کا بھی آتا ہے۔ بیسویں صدی کی ابتداء میں جن بلند پایہ شخصیتوں اور مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے درمیان والہانہ محبت کا رشتہ قائم ہوا، ان میں دوسرے بہت سے لوگوں کے علاوہ اقبال احمد خان سہیل خاص اہمیت کے حامل ہیں، ان کا شمار دبستان شبلی کے نامور فرزندوں میں ہوتا ہے اگر چہ اقبال سہیل کے پیشۂ وکالت نے ان کی دیگر خوبیوں مثلاً شعر ونثر کو اتنا معترف نہیں ہونے دیا لیکن ان کا یہی سرمایہ سرمایۂ حیات بن گیا اور آج اقبال سہیل ہندوستان میں ایک بڑے شاعر کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔

اقبال احمد خاں سہیلؔ کی پیدائش ۱۸۸۴ء کو ضلع اعظم گڑھ کے ایک گاؤں بڑھریا تحصیل نظام آباد میں ہوئی ان کے والد نے ان کا نام ابولا مظفر حامد رکھا لیکن ان کے دادا انہیں اقبال کہہ کر پکارتے تھے اور بعد میں ادبی دنیا میں اقبال سہیل کے نام سے مشہور ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گاؤں کے کسی مکتب میں ہوئی اس کے بعد انہوں نے علامہ حمید الدین فراہی سے تفسیر وحدیث کے علاوہ سبعۂ معلقہ اور دیوان متنبّی کا درس لیا اس کے بعد کوئینس کالج بنارس میں داخل ہوئے۔ وہاں سے ایف سے کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لئے مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کا رخ کیا جہاں سے انہوں نے بی اے، ایم اے اور ایل ایل بی کی تعلیم حاصل کی، اقبال سہیل کو علامہ شبلی نعمانی سے شرف تلمذ حاصل ہوا، اور انہیں جن لوگوں کا ساتھ ملا ان میں ڈاکٹر ذاکر حسین اور پروفیسر رشید احمد صدیقی وغیرہ شامل ہیں، اقبال سہیل اردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شاعری کرتے تھے۔ زندگی بھر پیشۂ وکالت سے منسلک رہنے کے بعد نومبر ۱۹۵۴ء میں اچانک فالج کا دورا پڑا تقریباً ایک سال اس مہلک بیماری میں مبتلا رہنے کے بعد ۷ نومبر ۱۹۵۵ء کو اس دار فانی سے عالم جاودانی کو کوچ کر گئے۔

اقبال سہیل ایک قادر الکلام اور نکتہ سنج شاعر تھے، ان کی شاعری میں جو شعریت عذوبیت اور معنویت ہے اسے بڑے سخن شناس اور ناقدین فکر وفن نے نہ صرف تسلیم کیا ہے بلکہ اسے اپنی گراں قدر داد وتحسین سے نوازا بھی ہے، اقبال سہیل کی شعر گوئی میں جہاں بہت سارے محاسن جمع ہیں ان میں فرمائشی شاعری، برمحل شعر وگوئی اور فی البدیہہ شعر کہنا بھی شامل ہے۔ ان کی شاعری کا خاص جوہر ان کا زور کلام ہے یہ ایک وجدانی چیز ہے اس میں الفاظ کی شان وشوکت، بندش کی چستی، تخیل کی بلندی، مضامین کا زور کچھ اور ہی رنگ دکھاتے ہیں، یہ تمام چیزیں سہیلؔ کے کلام میں وافر مقدار میں پائی جاتی ہیں:

یہ مشت خاک اگر کر لے پر و بال نظر پیدا
تو اوج لامکاں تک ہوں ہزاروں رہ گزر پیدا
اسیروں میں اگر ہو جائیں کچھ آشفتہ سر پیدا
ابھی دیوار زنداں میں ہوا جاتا ہے در پیدا

اقبال سہیل کے زور کلام کا اندازہ ان کے اس منفرد انداز سے بھی لگایا جاسکتا ہے:

برق جمال یار یہ جلوہ ہے یا حجاب
چشم ادا شناس کو حیراں بنا دیا

اقبال سہیل نے تقریباً ہر صنف شاعری میں طبع آزمائی کی ہے،مگر قصیدہ گوئی اور غزل سرائی میں انہیں خاص ملکہ حاصل تھا،شاعری میں تخیل کی بہت اہمیت ہے اس کے ساتھ اسلوب بیان اور طرز ادا کی بھی اہمیت سے انکار ممکن نہیں تخیل اور اسلوب بیان مل کر شاعری کو دوام بخشتے ہیں،شاعری میں اور خاص طور پر اقبال سہیل کی غزلوں میں اس کا دلکش امتزاج ملتا ہے ذیل کے اشعار میں زبان کی شستگی اور پاکیزگی کے ساتھ تغزل بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے:

حسن فطرت کی آبرو مجھ سے
آب و گل میں ہے رنگ و بو مجھ سے
جو تصور سے ماورا نہ ہوا
وہ تو بندہ ہوا خدا نہ ہوا
رتبہ داں تھا جبین عشق کا میں
حسن کے در پہ جبہ سا نہ ہوا

اردو شاعری کی ایک عام خوبی یہ بھی پائی جاتی ہے کہ یہاں شاعر اپنی شوخیوں کو شاعری میں در لاتا ہے،خصوصیت کے ساتھ اودھ کے شعراء میں یہ خوبی بدرجۂ اتم موجود ہے چونکہ اقبال سہیل کی شاعری پر اودھی رنگ چڑھا ہوا تھا سلئے ان کے اشعار بھی شوخی و شگفتگی سے پر نظر آتے ہیں جن میں الفاظ کو نہایت شائستگی اور بیان کو سنجیدگی سے ادا کیا جاتا ہے۔اقبال سہیل کی شاعری کی سب سے بڑی خصوصیت دل گرفتگی و خستگی سوز و گداز از دل آویزی اور نشتریت ہے جو از دل خیزد بر دل ریزد کے موثر انداز سے دل میں اتر جاتی ہے:

پیغام رہائی دیا ہر چند قضا نے
دیکھ بھی نہ اس سمت اسیران وفا نے
خود حسن بے نیاز نہیں فیض عشق سے
خو میرے دل کی ہے نگہہ بیقرار میں

ذیل میں ہم اقبال سہیل کے چند اشعار پیش کرتے ہیں جس سے ان کے افکار پر روشنی ڈالی جاسکتی ہے

اقبال سہیلؔ:

بس اتنی کائنات ہے حیات مستعار کی
شباب ہے حباب کا بہار ہے شرار کی
یہ مختصر سی داستاں ہے جبر و اختیار کی
کرشمہ ناز کوئی ہو خطا گناہ گار کی
سہیلؔ تیری شاعری ہے یا فسون سامری
روانیاں ہیں نظم کی خرام جوئے یار کی

مختصراً یہ کہ اقبال سہیل ان شعراء کی فہرست میں شامل ہیں جنہوں اردو کے فروغ میں گراں بہا خدمات انجام دی ہیں۔

☆☆☆

کنور رتن سنگھ زخمیؔ احوال و آثار

ڈاکٹرسیداحمدمیاں،شعبۂ فارسی لکھنؤیونیورسٹی،لکھنؤ

اودھ کی علمی وادبی فضا لوگوں کے دلوں پر ایسے اثر انداز ہوئی کہ یہاں بلاتفریق مذہب وملت ہندو ومسلمان ایک دوسرے کے علوم وفنون سے دلچسپی لینے لگے خاص کر فارسی زبان کو سیکھنے میں ہندوؤں نے خاص دلچسپی دکھائی اور کئی صاحب دیوان شاعر، صاحب تصنیف نثر نگار، تذکرہ نگار اور داستان نگار پیدا ہوئے ان ہندو اہل علم وفن میں کنور رتن سنگھ متخلص بہ زخمیؔ کا نام سرفہرست ہے۔ زخمیؔ کا خاندان شروع سے نوابین اودھ کی خدمت کرتا آیا تھا۔ زخمیؔ کے جد راجہ بھگوان داس تو وزیر الممالک آصف الدولہ بہادر (۱۱۸۹ء-۱۲۱۲ھ) کے اتالیق تھے اور انہیں بعد میں حسن خدمت کی وجہ سے بریلی کی نظامت بھی سپرد کی گئی تھی۔ زخمیؔ کے والد بالک رام متخلص بہ صبوریؔ کا شمار اچھے شعراء میں ہوتا تھا۔

صبوریؔ مہاراجہ جھاؤلال کے نائب تھے اور نواب آصف الدولہ بہادر نے انہیں میر آتش کے عہدے پر مامور کیا تھا۔ ان کی شہرت اور اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ لکھنؤ کا توپ خانہ ''بالک گنج'' (جواب استعمال کثرت سے بالہ گنج ہو گیا ہے) انہی کے نام سے آج بھی مشہور ہے۔ صبوریؔ ایک لمبی مدت تک نواب آصف الدولہ کے دیوان رہنے کے بعد ۱۲۱۱ھ میں عظیم آباد (پٹنہ) چلے گئے۔ ۲۸/ربیع الاول ۱۲۱۲ھ کو جب نواب موصوف کا انتقال ہوا تو صبوریؔ کافی دل برداشتہ ہو گئے اور حتیٰ کہ ملازمت ترک کر کے آوارگی اختیار کی اور اسی عالم میں ۱۲۶۰ھ میں انتقال کیا۔ تذکرہ نویسی در ہندو پاک کے مصنف لکھتے ہیں:

> ''پدر زخمی رای بالک رام متخلص بہ صبوریؔ نایب مہاراجہ جھاؤلال بودہ در سرکار نواب آصف الدولہ سمت میر آتش را داشت و توپخانہ ''بالک گنج'' در لکھنؤ ھنوزھم بنام وی مشہور است۔ وی مدتی صاحب دیوان نواب آصف الدولہ بود۔ بالاخرہ در غرہ شوال ۱۲۱۱ھ بہ عظیم آباد رفت و نواب مزبور کہ وی را خیلی دوست داشت ''تاب جدائی نیاوردہ'' روز ۲۸/ربیع الاول ۱۲۱۲ھ از این سرای فانی بعالم جاودانی شتافت و بالک رام نیز خدمت شاھی را ترک گفتہ از دنیا مافیہای خب و بی پروا شد و تا مدتی در بلاد مختلف ھند آوارہ و سرگردان ماند۔ البتہ گاھی برای دیدن پسر خود زخمی آمد و باز بعلت شوریدگی بسر گردانی می پرداخت تا بالاخرہ در ۱۲۶۰ھ از این سرگردانی راحت شدہ و سر بزیر خاک کشیدہ بخواب ابدی فرو رفت۔''(۱)

کنور رتن سنگھ زخمیؔ کے آباواجداد کا وطن بریلی تھا مگر ان کی ولادت ۲۲/محرم الحرام ۱۱۹۷ھ مطابق ۹/دسمبر ۱۷۸۲ء کو لکھنؤ میں ہوئی۔ فارسی تذکرہ نویسی نے اتنے مفصل طور پر زخمیؔ کے احوال کا ذکر کیا ہے کہ ان کی زندگی کے تمام پہلوا جاگر ہو گئے۔ زخمیؔ کو تحصیل علوم وفنون کا شوق بچپن سے ہی تھا اسلئے انہوں نے علوم عقلیہ ونقلیہ اور اس زمانہ میں مروجہ تمام زبانوں مثلاً عربی، فارسی، ترکی، انگریزی اور سنسکرت وغیرہ کی تعلیم حاصل کی۔

> ''زخمی در لکھنؤ در شب یک شنبہ ۲۳/محرم سنہ ۱۱۹۷ھ مطابق ۹/دسمبر ۱۷۸۲ء میلادی چشم بدنیا گشود و در آغاز شباب شوق اکتساب علوم بدلش افتاد بنا براین بعضی زبانہای مشہور و متداول مانند فارسی و عربی و انگلیسی را بقدر مایحتاج فرا گرفت و با علوم عقلیہ ونقلیہ در این زبانہا آشنا شد۔ (۲)

مگر اس تاریخ ولادت میں ایک اختلاف یہ بھی ہے کہ زخمی کے بیٹے کے داماد اور ''ریاض العارفین'' کے مصنف نے ان کی ولادت ۱۱۹۰ھ لکھی ہے۔ زخمی کو سرکار اودھ کی طرف سے مہاراجہ اور منشی الملوک کے خطاب ہوئے تھے۔ زخمی اپنی تصنیف ''شرح گل گشتی'' میں اپنے بارے میں یوں رقم طراز ہیں:

''رتن سنگھ زخمی تخلص ابن بالک رام ابن راجہ بھگوان داس سہای بہادر۔'' (۳)

''ریاض الفصحاء'' کے مؤلف غلام مصحفی ہمدانی نے جن کی ملاقات زخمی سے ایک مشاعرے میں ہوئی تھی اپنے تذکرے میں زخمی کا تعارف اس طرح کرایا ہے:

''کنور جی متخلص بہ زخمی خلف الصدق رائے بالک رام، جوانے وجیہ وقابل ودانا ومہذب الاخلاق است فقیر اورا روزے درمشاعرۂ مرزا حاجی صاحب دیدہ بود وضع مرزا یانہ دارد درخواندن شعر ہم تتبع مردم ولایت می کند عمرش قریب بہ چہل رسیدہ شاگرد مرزا قتیل مرحوم شدہ می گویند۔۔۔۔'' (۴)

احمد گلچین معانی کے زخمی کے متعلق یہ افکار ہیں:

''زخمی۔ مہاراجہ رتن سنگھ بہادر کہ از شاھان اودھ بخطاب فخر الدولہ دبیر الملک رتن سنگھ بہادر ھوشیار جنگ سرفراز بود، اصلش از بریلی رامپور ست، پدرش رای بالک رام درسرکار وزیر الممالک نواب آصف الدولہ بھادر والی ملک اودھ عہدۂ میر آتشی راانصرام می نمود، وتوپخانہ ''بالک گنج'' درلکھنؤ بنامش الی الآن مشہور، وزخمی درعہد غازی الدین حیدر اولین بادشاہ دارالسلطنت لکھنؤ ثمرۃ الخلافہ نصیر الدین حیدر بادشاہ دومی بخطاب وخدمت منشی الملوکی مخاطب ومامور بود، ودرزمانۂ محمد علی شاہ سومین شاھان لکھنؤ بمنصب دیوانی آن ریاست وخطاب مہاراجگی کلاہ گوشہ بآسمان شود، وپایان کار درسنۂ یک ہزار وصد وشصت وچہار دین اسلام راملت حقہ یافتہ اختیار نمود، و بعد سہ سال درسنہ ۱۲۶۷ھجری راہ آخرت پیمود، با اکثر علوم عربی وفارسی وترکی وانگریزی وسنسکریت آشنائی داشت، وپسرش کنور دولت سنگھ شکری تخلص کہ درعنفوان جوانی مرد۔۔۔۔'' (۵)

تذکرہ نویسی فارسی میں زخمی کے احوال پر خاصی تفصیل سے نظر ڈالی گئی جو اس طرح ہے:

''اسم مولف این تذکرہ کنور رتن سنگھ متخلص بہ زخمی است کہ از طرف شاھان اودھ بالقاب منشی الملکوک فخر الدولہ دبیر الملک مہاراجہ (رتن سنگھ) بہادر ھوشیار جنگ مفتخر شد۔ وی سکمینہ کایستھ بود واصلش از بریلی بود۔ خانوادہ او از چندین پشت درخدمت شاھان اودھ بودند وجدش راجہ بھگوان داس دیوان وا تالیق (استاد) وزیر الممالک نواب آصف الدولہ بہادر (۱۱۸۹ھ۔۱۲۱۲ھ) ولی اودھ بودہ وبعد اَمدتی ناظم بریلی بود۔'' (۶)

حصول علم کے بعد سیر وسیاحت کے شوق کو مدنظر رکھتے ہوئے بریلی، کلکتہ وغیرہ کے سفر کئے اس کے بعد ۱۲۳۰ھ لکھنؤ واپس آکر خدمت سرکار اودھ سے منسلک ہوئے۔

''مؤلف بسیر وسیاحت اکثر بلاد ھندوستان پرداختہ ونخستین مسافرت وی از لکھنؤ بہ بریلی وطن آبائی وی بود۔ سپس در ۱۲۱۸ھ بہ کلکتہ رفت وآنجا چند سال درخدمت ایسٹ انڈیا کمپنی بود۔ بالاخرہ در ۱۲۳۰ھ بہ لکھنو مراجعت

نمودہ درخدمت شاہ اودھ درآمد۔''(۷)

''وی دودمان زمان غازی الدین حیدر اولین پادشاہ اودھ و پسروی نصیر الدین حیدر دومین پادشاہ اودھ بلقب وخدمت منشی الملو کی ملقب و مامور شدودرزمان محمد علی شاہ سومین پادشاہ اودھ بسمت دیوانی آن ریاست و بہ لقب مہاراجگی مفتخر وبالاخرہ وزیرائی اودھ شد۔''(۸)

''زخمی گاہ گاہی بسیاحت نقاط مختلف ھندوستان می پرداخت ۔ درموقع تالیف این کتاب (۱۲۳۹ھ یا ۱۲۴۵ھ) اکثر اوقات خودرادر بریلی بسر میبر دوگاھی بلکھنؤ می رفت۔''(۹)

رتن سنگھ زخمی مسلمانوں کی تہذیب وتمدن، شرافت ونفاست سے کچھ اس قدر متاثر ہوئے کہ ۱۲۶۴ھ میں مشرف بہ اسلام ہوگئے اوران کا خاتمہ بھی اسلام پر مسلمان ہونے کے صرف تین سال بعد یعنی ۱۲۶۷ھ میں ہوا۔

''درسال ۱۲۶۳ھ زخمی مسلمان شد و بعد از سہ سال در (۱۸۵۰ء۔۱۸۵۱ء م) فوت کرد۔ اشپرنگر نیز سال وفات وی را ۱۸۵۰ء یا ۱۸۵۱ء میلادی ثبت کردہ است۔''(۱۰)

ان کی صرف ایک ہی اولاد تھی دولت سنگھ جو بڑے صاحب کمال شخصیت کے مالک تھے اور پر گو شاعر بھی تھے شکری تخلص کرتے تھے مگر عین جوانی میں راہیٔ ملک عدم ہوئے۔

زخمی کے آثار میں ۴ تصانیف کا پتہ چلتا ہے:

(۱) جام گیتی نما

(۲) سلطان التواریخ: (یہ شاہان اودھ کی مفصل تاریخ ہے)

(۳) دیوان فارسی

(۴) انیس العاشقین

زخمی نے فن شعر میں میرزا حسن قتیل کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا تھا مقتدمین شعراء کی طرز پر طبع آزمائی کرتے تھے اور ایک ضخیم دیوان بھی مرتب کیا تھا جس کا ایک نسخہ خدا بخش لائبریری (پٹنہ) میں موجود ہے۔

''بعنایت۔۔میرزا حسن (متخلص بہ) قتیل۔۔۔(فن) شعر گفتن'' آموخت وبسبک شعرای متقدم شعر میسرود وبفارسی دیوانی دادہ بود۔''(۱۱)

دیوان کے چند اشعار یہاں ان کی شعر گوئی کا اندازہ لگانے کے لئے درج کئے جارہے ہیں:

چہا چہا کہ نہ دیدم من از جفائے فراق
مباد روزئ کس ہمچو من بلائے فراق
جگر نہند بہ خوں جاں بلب رسید اے وائے
من ستم زدۂ و ایں عذاب ہائے فراق
ازیں بلاست رہائی مرا کجا ممکن
فراق بہر منست و منم برائے فراق

منال ایں ہمہ زخمی ز درد ہجر منال
خدا دہد بنور و ز جزا جزاے فراق

☆ ☆ ☆

اضطراب تو بیتابی بسمل دارم
یارب ایں درد چہ درد است کہ در دل دارم
وائے زیں حسرت دیدار کہ در خوں شب و روز
دست و پا می زنم و خوں سوئے قاتل دارم
پیش ازاں دم کہ بمیرم بر من آرندش
سخنی چند بہ آں حور شمائل دارم
یار با غیر بروں رفتہ و من خانہ خراب
نیست معلوم چرا جائے بہ محفل دارم
جاں بلب دل ہمہ خوں سینہ پر از داغ جنوں
طرفہ حالیست کہ زخمی من بیدل دارم

☆ ☆ ☆

کے کے تو از صبا بہ کنار من آمدی
ما مردم از غم و بہ مزار من آمدی
می کشت رشک غیر مرا تا سحر ولے
قربانت اے اجل کہ بہ کار من آمدی
زخمی چہ بد بلاست کہ بر دست بحیلہ
چوں بے خبر بہ مشت غبار من آمدی

☆ ☆ ☆

سر ما راست کجا بامن دل تنگ او را
کہ پئے صلح رقیب است بمن جنگ او را
گر چہ مہ منیر برابرش زد و رفت ولے
ہمرہی کرد غبارم دو سہ فرسنگ او را
آنکہ ہر گز نہ زند گوش بر افسون کسے
کہ دارم آں ہمہ زخمی بچہ نیرنگ او را

☆ ☆ ☆

بخشد اگرم جان دم بسمل عجبی نیست
آییست دگر خنجر آن عہد شکن را
زخمی مگرت چشم سفیدست کہ داری
نسبت بکف پای کسی برگ سمن را

تذکرہ انیس العاشقین:

مؤلف (رتن سنگھ زخمی) نے اس تذکرے کو ۱۲۴۵ھ میں مکمل کیا اس بات کا پتہ دانشگاہ لاہور کے نسخہ سے چلتا ہے انہوں نے درج کیا ہے کہ یہ کتاب ۱۲۴۵ھ میں پایۂ تکمیل کو پہنچی، مگر اس تذکرہ کے جلد دوم جس کا عکسی نسخہ کتابخانہ لالہ پرشاد میں یہ عبارت نظر آتی ہے:

''بست و ھفتم (بست و ھفتم) رمضان المبارک سنہ ۱۲۳۶ ھجری مطابق بست ھفتم مئی (مہ) سنہ ۱۸۲۴ عیسوی (میلادی) حسن تحریر پذیرفت۔۔۔کتبہ عبدالمذ نب غلام حسین۔'' (۱۲)

مؤلف نے اس تذکرہ کی وجہ تالیف کا ذکر بھی تصنیف کے دیباچہ میں کیا ہے جو اس طرح ہے:

''ازعنفوان شباب بنظم اشعار مایل وصحبت شعرا را سایل بودہ ام وھنگام فراغ از کتب معقول ومنقول بملاحظہ دواوین بلاغت تضمین قدماومتاخرین بسرمی نمودہ ام تادرسنہ ۱۲۴۵ء یکہزار ودوصد (دویست) وچہل وپنج ھجری کہ وارددارالسلطنہ لکھنؤ بودم شغف بعضی اشعار عاشقانہ شعرای بانام ونشانہ (معروف) رافراہم آوردہ با قلیلی از حالات ھریکی بنہایت ایجاز بقلم سپردم وبانتخاب غزل ورباعی اقتصار ورزیدہ ازتحریر اشعار قصیدہ ومثنوی الابضرورت درگذشتم۔'' (۱۳)

یہ تذکرہ تقریباً دو ہزار (۲۰۰۰) یا اس سے بھی زیادہ مقدمین ومتاخرین شعراء کے احوال اور انتخاب کلام پر مشتمل ہے اس کی ترتیب الف بائی ہے جو شاعر کے نام یا تخلص سے ہے۔اس کے مقدمہ میں نصیرالدین حیدر شاہ اودھ (۵۳۔۱۲۴۲ھ) کی مدح میں ۳۲ حرف لکھے گئے ہیں اور ہر حرف الف بائی ترتیب سے ہے۔اس تذکرے کی جلد اول آبرؔو سے شروع ہو کر ضیاؔئی پر مکمل ہوتی ہے اور دوسری جلد طالب جاجرمؔی سے شروع ہو کر یونس ابہرؔی پر مکمل ہوتی ہے۔

مؤلف نے تذکرہ میں شعراء کے متعلق زیادہ سے زیادہ اطلاعات فراہم کرنے کی کوشش کی ہے۔ جہاں تک اطلاعات فراہم ہوسکیں وہ اس تذکرہ میں درج کر دیں۔مثلاً شعراء کا نام، اس کا تخلص، اس کی کنیت، ولایت، مصنف، ذات، شغل، جائے پیدائش، وفات، لقب، پیشہ، تاریخ پیدائش اور جائے مدفون وغیرہ۔

مؤلف کو اگر کسی شاعر میں کوئی خصوصیت معلوم ہوئی یا وہ اس سے نجی طور پر واقف ہے وہ درج ہیں۔مثلاً عتاؔبی کے بارے میں لکھتا ہے:

''عتاؔبی از لطیفہ گویان بخوف اشرف بود۔'' (۱۴)

طالعیؔ کے بارہ میں مؤلف کی آراء ملاحظہ ہو:

''طالعیؔ ازشعراءوخوشنویسان یزد بود۔'' (۱۵)

مؤلف رتن سنگھ زخمی نے اپنے اس تذکرے کو نصیرالدین شاہ اودھ کے نام معنون کیا ہے۔

اس تذکرے میں شعراء کے احوال خاصے مختصر طور پر بیان کئے گئے ہیں۔مثلاً آبرؔو وآتوؔن وآثمؔ اکبرآبادی وغیرہ۔

مؤلف نے بعض شعراء کا حال مختصر تو بیان کیا ہے مگر جامع طور پر لکھا ہے مثلاً آزادؔ بلگرامی و آشناؔ و آصفؔ وغیرہ۔
بہت کم شعراء ایسے ہیں جن کے احوال کا ذکر مفصل طور پر آیا ہے مثلاً آرزوؔ وارزقیؔ وانسیؔ وغیرہ
مؤلف نے شعراء کے احوال کی طرح ان کا نمونۂ کلام بھی مختصراً درج کیا ہے مگر اپنے اشعار کا انتخاب مفصل طور پر دیا ہے۔مؤلف نے تذکرہ میں سادہ اور سلیس زبان کا استعمال کیا ہے مگر شعراء کے نام اور القاب میں نثر مسجع کا استعمال کیا ہے۔اس تذکرے کے خطی نسخے اس طرح ہیں:

(۱) دانشگاہ لاہور(جلد اول)

(۲) نذیر احمد ش ۷۳

حواشی وتعلیقات

(۱) فارسی تذکرہ نویسی در ہندرو پاک،سید علی رضا نقوی،ص ۵۲۱۔
(۲) ایضاً،ص ۵۲۲۔
(۳) شرح گلگشتی قلمی،رتن سنگھ زخمی،ص ۲۔
(۴) ریاض الفصحاء،غلام مصحفی ہمدانی،ص ۱۲۹۔
(۵) تذکرہ ہائے فارسی،احمد گلچین معانی،ج ا ص ۹۷۔
(۶) فارسی تذکرہ نویسی در ہندرو پاک،سید علی رضا نقوی،ص ۵۲۱۔
(۷) ایضاً ص ۵۲۱۔
(۸) ایضاً ص ۵۲۱۔
(۹) ایضاً ص ۵۲۱۔
(۱۰) ایضاً ص ۵۲۱۔
(۱۱) ایضاً ص ۵۲۲۔
(۱۲) تذکرہ انیس العاشقین،نسخہ خطی،ج ۲۔
(۱۳) تذکرہ انیس العاشقین،دیباچہ۔
(۱۴) ایضاً،ص ۱۳۸۔
(۱۵) ایضاً،ص ۸۲۔

☆☆☆

امیر خسروؔ کی ایک اہم مثنوی: نہ سپہر

ڈاکٹر سید محمد میاں زیدی، پی ایچ ڈی، لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ۔

ہندوستان کی جن شخصیتوں نے زمان و مکان کی حدود و قیود سے نکل کر اپنے فن اور ہنر سے دنیا کو متاثر کیا ہے ان میں امیر خسروؔ کا مقام نہایت بلند ہے۔ اس جامع الکمالات ہستی نے علوم و فنون کے مختلف میدانوں میں جو کارہائے نمایاں انجام دئے ہیں وہ مثالی ہونے کے ساتھ ساتھ حیرت انگیز بھی ہیں۔ امیر خسروؔ ترکی النسل تھے ان کے والد امیر سیف الدین محمود ترکوں کے قبیلے ہزارہ لاچین سے تعلق رکھتے تھے۔ امیر خسروؔ کا اصل وطن کش شہر تھا۔ ان کے خاندان کے لوگ چنگیز خاں کے زمانہ میں بلخ اور بخارا کے آس پاس آباد تھے چنگیز خاں کے حملوں سے تباہ و برباد ہونے کے بعد اس خاندان کے افراد مختلف مقامات پر عارضی قیام کے بعد ہندوستان وارد ہوئے۔ جس عہد میں امیر خسروؔ کا خاندان ہندوستان آیا اس وقت دہلی کے تخت پر شمس الدین ایلتتمش کی حکومت تھی۔ (۱)

امیر سیف الدین محمد دہلی کے قریب ایک مقام پٹیالی پر آباد ہو گئے آج یہ مقام اتر پردیش کے ضلع ایٹہ میں ہے۔ ہندوستان میں آباد ہونے کے بعد امیر سیف الدین نے عماد الملک کی بیٹی سے شادی کر لی۔ عماد الملک جو کہ سلطان ایلتتمش کے عہد سے سلطان بلبن کے دور حکومت یعنی (۱۲۸۶ء۔۱۲۶۶ء) تک عرض ممالک کے عہدے پر فائض رہے۔ دبدبہ و حشمت کا یہ عالم تھا کہ بہ یک وقت دو سو ترک غلام، دو ہزار ہندو اور دو ہزار سوار برابر ان کی خدمت میں حاضر رہتے تھے۔ (۲)

معروف محقق ضیاء الدین برنی اپنی معرکتہ الآرا تصنیف ''تاریخ فیروز شاہی'' میں لکھتا ہے کہ عماد الملک نے اپنے زمانے میں اتنے گاؤں وقف کئے تھے کہ فیروز شاہی عہد تک لوگوں نے ان اوقاف سے گذر بسر کیا۔ (۳)

اسی جاہ و حشمت کے مالک عماد الملک کی بیٹی سے قدرت نے انہیں تین فرزند اور ایک دختر عطا کئے۔ تینوں بھائیوں میں اعزالدین علی شاہ سب سے بڑے، یمین الدین خسروؔ منجھلے اور حسام الدین قتلغ سب سے چھوٹے تھے۔ ان تینوں میں خسروؔ سب سے زیادہ ذہین اور فطین تھے۔ خسروؔ میں شاعری کا ذوق بچپن سے ہی تھا اور کم سنی میں ہی وہ بآسانی شعر موزوں کرنے لگے تھے جس کو سن کر سامعین متعجب رہ جاتے تھے۔ امیر سیف الدین نے امیر خسروؔ کی تعلیم کا معقول انتظام کیا۔ ان کی توجہ اور طبیعت کا میلان دیگر علوم کی نسبت شاعری کی طرف زیادہ تھا، خود لکھتے ہیں:

> ''میرے والد مجھے مکتب بھیجا کرتے تھے لیکن میں ردیف اور قافیے کے چکر ہی میں رہتا تھا۔ میرے قابل استاد عزیز الدین محمد خطاط، جو عام طور پر قاضی کے لقب سے مشہور تھے مجھے خوش نویسی سکھانے کی کوشش کیا کرتے تھے لیکن میں مہ جبینوں کے خط کی تعریف میں شعر کہتا تھا اور اپنے استاد کی پوری کوشش کے باوجود جوطرۂ یار کی طرح دراز اور مسلسل تھی میں زلف اور خال کے شوق سے باز نہ آتا۔'' (۴)

امیر سیف الدین کا انتقال امیر خسروؔ کے بچپن میں ہی ہو گیا تھا۔ والد کے انتقال کے بعد خسروؔ کی سرپرستی ان کے نانا عماد الملک نے کی۔ عماد الملک کی نگرانی میں خسروؔ کی تعلیم و تربیت جس کا والد کے انتقال کے بعد ناقص اور ادھوری رہ جانے کا خدشہ تھا شفیق نانا کی خاص توجہ کے سبب نہایت عمدگی سے مکمل ہوئی اور انھوں نے عربی و فارسی کے ساتھ ساتھ سنسکرت میں بھی مہارت حاصل کی سنسکرت زبان کی گونا گوں خصوصیات کی بنا پر وہ اس سے بہت متاثر تھے۔ اپنی ''مثنوی نہ سپہر'' میں خاص طور پر اس کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ یہ زبان رتبے میں عربی سے تو کم ہے لیکن دری (فارسی) سے

بڑھ کر ہے۔

وینست زبانی بصفت در دری
کمتر از عربی و بہتر از دری

خسرؔو صاحب تصانیف کثیرہ تھے۔مختلف محققوں اور تذکرہ نگاروں نے ان کی تصانیف کی تعداد الگ الگ بتائی ہے۔جامؔی کے مطابق خسرؔو کی تصانیف کی تعداد ننانوے(۹۹) تھی اسی بیان کی دوسرے تذکرہ نویسوں نے بھی نقل کیا ہے۔(۵)

تفصیل سے قطع نظر سطور ذیل میں خسرؔو کی ایک اہم مثنوی ''نہ سپہر'' کا مختصر تعارف پیش ہے۔

امیر خسرؔو نے ۷۱۸ھ بمطابق ۱۳۱۸ء مین قطب الدین مبارک شاہ خلجی ۷۱۶ھ ۱۳۱۶ء کی فرمائش پر مثنوی ''نہ سپہر'' لکھی۔جس کے عوض میں بادشاہ قطب الدین مبارک شاہ نے امیر خسرؔو کو ہاتھی کے برابر تول کر روپیہ دئے۔یہ مثنوی نو حصوں پر منقسم ہے اور ہر حصہ میں اشعار کی تعداد الگ الگ ہے کسی میں کم اور کسی میں زیادہ۔عام مثنویوں کی طرح خسرؔو نے اس مثنوی کی شروعات حمد ونعت سے کی ہے۔ایک خاص بات جو فن عروض کے تعلق سے نہایت اہم ہے وہ یہ کہ خسرؔو نے اس مثنوی کے ہر سپہر کو الگ الگ بحروں میں نظم کیا ہے جس کی تفصیل اس طرح ہے۔

۱۔سپہر اول۔متقارب مثمن محذوف:خسرؔو نے اس کی ابتداء حمد،نعت اور منقبت اپنے پیر ومرشد محبوب الٰہی حضرت نظام الدین اولیاء سے کی ہے۔اس کے بعد مدح بادشاہ اور بادشاہ کی تخت نشینی کی تفصیل درج کی ہیں۔خسرو خاں کی قیادت میں مبارک شاہ کو جنوب کی جانب بھیجنا اور خسرو خاں کا راجہ رام دیو کے ظالم وجابر نائب راگھو پر فتح حاصل کرنے کے بعد دہلی واپس آنے تک کی اطلاعات اس سپہر سے فراہم ہوتی ہیں۔خسرؔو نے اس سپہر کو رزمیہ شان میں لکھا ہے اور حسب معمول دہلی کے تخت وتاج کے لئے سخت الفاظ کا استعمال کیا ہے۔

۲۔سپہر دوم۔متقارب مثمن سالم:اس سپہر میں خسرؔو نے قطب الدین مبارک شاہ کی تعمیر کی ہوئی عمارتوں کا بیان کیا ہے۔اس سپہر میں تلنگ اور وارنگل کی مہموں،شہر دہلی کی تعریف اور اس کی فضیلت کا بیان،بغداد،قاہرہ،خراسان،ترمذ،تبریز،اصفہان،بخارا اور خوارزم کا ذکر کیا ہے۔جیسا کہ ابھی بیان کیا گیا ہے اس بحر یعنی ''بحر متقارب مثمن سالم'' سے اس سپہر میں ایک خاص طرح کا ترنم اور موسیقیت پیدا ہوگئی ہے۔

۳۔سپہر سوم۔رجز مسدس مطوی:سپہر سوم ''رجز مسدس مطوی'' پر مشتمل ہے جو نسبتاً طویل ہے اور اپنے محتویات کی بنا پر اہمیت کا بھی حامل ہے۔امیر خسرؔو کی ہندوستان سے محبت کے جذبات جو انکی گذشتہ مثنویوں میں دبے رہ گئے تھے وہ اس سپہر میں ابھر گئے ہیں۔اس سپہر میں ہندوستان کے باشندوں کی ذہانت،استعداد علمی،زبانوں،رسم ورواج اور مذہبی عقائد وغیرہ کے متعلق اہم اور دلچسپ معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

حکمت و دانائی و علم ہنر
وانچہ کہ در ہند معانیست دگر(۶)

سپہر کے آخر میں ہر پال دیو کی وارنگل کی مہم پر اس کی شکست اور خسرو خاں کی فتح،فوج کی دہلی واپسی اور خوشی کے جشن کا بیان ہے۔

۴۔سپہر چہارم۔رمل مسدس محذوف:یہ سپہر پند ونصیحت پر مشتمل ہے۔خسرؔو نے صاف گوئی اور دلیری کا مظاہرہ کرتے ہوئے بادشاہ سے لے کر رعیت کے ادنیٰ آدمیوں تک خطاب کرتے ہوئے ان کے فرائض سمجھانے کی کوشش کی ہے۔

۵۔سپہر پنجم۔خفیف مسدس مجنون ومحذوف:خسرؔو نے اس سپہر میں ہندوستان میں پڑنے والے جاڑے کے موسم کا بیان کیا ہے۔بادشاہ کا شکار کرنا اور سیر کے لئے جانا،بادشاہ کی کمان اور تیر میں عشق ومحبت کے راز ونیاز کو دیکھنا۔اس سپہر کے آخری حصے میں خسرؔو نے صوفیوں کے نقطۂ نظر کو مثالی شکل میں پیش کیا ہے۔مجموعی حیثیت سے یہ سپہر دل نشینی اور جاذبیت کی ایک عمدہ مثال ہے۔

۶۔سپہر ششم۔ہزج مسدس مقصود ومحذوف:خسرو نے اس سپہر میں علم نجوم سے اپنی دل چسپی اورمہارت کا بھرپور مظاہرہ کیا ہے۔شہزادہ محمد کی ولادت، زائچہ اور فالنامہ،شہزادے کی تعلیم اوراس کے مستقبل کے متعلق پیش گوئی اور دعائے خیر کا ذکر کیا ہے۔

علم دگر ہر چہ ز معقول سخن
بیشترے ہست ز آئین کہن(۷)

۷۔سپہر ہفت۔رمل مسدس مقصود:اس سپہر میں خسرو نے موسم بہار کا بیان اور شہزادے کی پیدائش پر دہلی کے آرایش اور خوشی کے جشن،شراب اور آلات موسیقی کا بیان کیا ہے جس کی بنا پر مثنوی کا یہ حصہ نہایت دل چسپ ہو گیا ہے۔

حجت نہ آنست کہ از نغمۂ تر
تیر خورد آہوے صحرا بجگر
رفت چو در گوش دروں بانگ ترس
در رسد آہو کہ بنا شد جرس(۸)

۸۔سپہر ہشت۔ہزج مسدس اخرب مقبوض ومحذوف: یہ سپہر بھی سپہر پنجم کی طرح بے مزہ اور پھیکا ہے۔اس سپہر میں بھی عشق حقیقی کے مسائل کو چوگان اور گیند(گری) کے مناظرے کی خوبصورتی سے پیش کیا ہے۔پھر بھی کہیں کہیں تغزل نہایت عمدہ انداز میں پایا جاتا ہے۔

۹۔سپہر نہ۔رمل مسدس مجنون ومحذوف:اس سپہر میں مثنوی کا خاتمہ،دہلی کے شعراء کے ساتھ ساتھ اپنی تعریف،مثنوی کی تعریف اور خامیوں کے لئے معذرت وغیرہ کیا ہے۔مجموعی طور پر اس سپہر کو دلچسپ کہا جا سکتا ہے۔

نمونہ کے طور پر مثنوی کے چند اشعار پیش خدمت ہیں:

بنزدیک قلعہ است ارم کندہ جالی	بلند ونمایندہ نزہت فزالی
